2025-02-03

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- دلی اسمبلی انتخابات کے لیے چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ سیاسی رہنما، ووٹروں کو راغب کرنے کی آخری کوششوں میں سرگرم ہیں۔

2- وقف بل سے متعلق JPC کی رپورٹ آج لوک سبھا میں پیش کی جائے گی۔

3- پریاگ راج میں، بسنت پنچمی کے موقع پر مہاکمبھ کا تیسرا امرت سنان جاری ہے۔

4- نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ ملک، لاکھوں غیر قانونی تارکینِ وطن کو برداشت نہیں کرسکتا۔ انھوں نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک مخالف بیانیوں کا خاتمہ کریں۔

5- شطرنج میں بھارتی گرینڈ ماسٹر آر پرگنانندا نے، نیدر لینڈس کے Wijk aan Zee علاقے میں باوقار ٹاٹا اسٹیل ماسٹرس 2025 کا خطاب جیتا ہے۔

6- اور

مردوں کے ٹی ٹوئینٹی کرکٹ میں، ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں، سیریز کے پانچویں اور آخری میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو ہرایا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Delhi Campaigning

دلّی اسمبلی انتخابات کے لیے چناؤ مہم کا آج آخری دن ہے۔ BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے سرکردہ رہنماؤں نے ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی ہے۔ اِن پارٹیوں کے رہنما، راجدھانی میں روڈ شو اور عوامی جلسے کر رہے ہیں اور گھر گھر جا کر لوگوں سے ووٹ مانگ رہے ہیں۔ دلّی اسمبلی انتخابات میں، کُل 699 امیداوار میدان میں ہیں۔ 70 ارکان پر مشتمل دلّی اسمبلی چناؤ کے لیے بدھ کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی اتوار کے روز کی جائے گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Superna Saikia

دلّی اسمبلی چناؤ میں BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے درمیان سہ رخی مقابلہ نظر آ رہا ہے۔ یہاں ایک کروڑ 56 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے اور امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ قومی راجدھانی میں ووٹ ڈالنے کے لیے کُل 13 ہزار 760 پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ انتخابی کمیشن، بڑی تعداد میں ووٹروں کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے رائے دہندگان کے موافق کئی اقدامات کر رہا ہے۔ پولنگ کے عمل میں تیزی لانے اور ووٹنگ کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے قطار کے بندوبست کا حل، QMS ایپ کا آغاز کیا گیا ہے۔ پولنگ کے دن سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے دلّی پولیس کے 35 ہزار سے زیادہ اہلکاروں، 19 ہزار ہوم گارڈوں اور مرکزی مسلح پولیس فورسز، CAPF کی 220 کمپنیاں تعینات کی جائیں گی۔

سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........

Joint Parliament Committee

وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ کمیٹی کی رپورٹ آج لوک سبھا میں پیش کی جائے گی۔ کمیٹی کے چیئرمین جگدَمبِکا پال اور BJP ممبر پارلیمنٹ سنجے جیسوال یہ

رپورٹ پیش کریں گے۔ وہ مشترکہ کمیٹی کو فراہم کیے گئے شواہد کا ریکارڈ بھی پیش کریں گے۔

یہ رپورٹ، لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا کو تیس جنوری 2025 کو پیش کی گئی تھی۔ وقف ترمیمی بل سے متعلق اِس مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے رپورٹ کے مسودے کو 29 جنوری کو منظور کیا تھا اور نظرِ ثانی شدہ بل میں ترمیم کی تھی۔ البتہ، اپوزیشن رہنماؤں نے اِس رپورٹ پر اپنی مخالفانہ رائے ظاہر کی تھی۔

JPC نے اِس سے پہلے وقف بل کو 1995 میں 25 ترمیمات کرکے منظور کیا تھا۔

پارلیمنٹ کا موجودہ بجٹ اجلاس 31 جنوری کو شروع ہوا ہے اور یہ چار اپریل تک جاری رہے گا۔x

Rev. Vice President Illegal Migrants

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ ملک لاکھوں غیر قانونی تارکینِ وطن اور آبادیوں کے منتقل ہوجانے سے انتخابی سیاست میں گڑبڑ پیدا ہوجانے کو برداشت نہیں کر سکتا۔ انھوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ ملک مخالف بیانیوں کا خاتمہ کریں۔

جناب جگدیپ دھنکھڑ نے، جو راجیہ سبھا کے چیئرمین بھی ہیں۔ پارلیمنٹ میں بار بار رخنہ اندازی پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔

اکاؤنٹینس کے عالمی فورم کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جس کا اہتمام کَل قومی راجدھانی میں چارٹرڈ اکاؤنٹس کے بھارتی ادارے ICAI نے کیا تھا، انھوں نے کہا کہ نوجوانوں کو موجودہ چیلنجوں پر تشویش لاحق ہونی چاہیے۔

S/B Migrants Jagdeep Dhankar

اِس تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہ کچھ لوگ اور تنظیمیں، ملک کے ترقیاتی سفر سے خوش نہیں ہیں، نائب صدر جمہوریہ نے یہ بھی کہا کہ سنسنی اور بیانیے پیدا کرنے کا ایک رجحان چل پڑا ہے۔

انھوں نے نوجوانوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اِن ملک مخالف بیانیوں کو ختم کرنے اور بھارت مخالف طاقتوں کو شکست دینے کی طاقت، اُن کے ہاتھوں میں ہے۔

S/B  Jagdeep Dhankar on Youth

نائب صدر جمہوریہ نے یہ بات بھی زور دے کر کہی کہ اقتصادی وطن پرستی کا جذبہ بھی پیدا کیے جانے کی ضرورت ہے، کیونکہ اِس طرح کا طریقۂ کار بھارتی معیشت کے لیے فائدے مند ہوگا۔x

Isro NVs-2 Satellite

بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو نے کَل بتایا ہے کہ NVS دوئم سیارچے کو، مقررہ مدار میں پہنچانے کی اُس کی کوششوں کو اُس وقت دھکا لگا جب اِسے لے جانے والے راکٹ میں آگ نہیں لگ سکی۔ NVS دوئم سیارچہ، خلا میں موجود رہ کر، سمت اور جائے وقوعہ معلوم کرنے والا بھارت کا اپنا نظام ہے۔ اِسے 29 جنوری کو GSLV-MK-2 راکٹ کے ذریعے بھیجا گیا تھا۔ یہ سیارچہ سری ہری کوٹہ سے خلائی اسٹیشن سے بھیجا جانے والا اِسرو کا 100 واں سیارچہ ہے۔ فی الحال یہ سیارچہ زمین کے ایک ایسے مدار میں گردش کر رہا ہے، جو سمت اور جائے وقوعہ معلوم کرنے کے کام کے لیے سازگار نہیں ہے۔ اَب اِس سیارچے کو اِس کام کے لیے استعمال کرنے کے مقصد سے دوسرے طریقۂ کار تلاش کیے جا رہے ہیں۔ اِسرو نے کہا ہے کہ زمین سے اِس سیارچے کے ساتھ مواصلات کا سلسلہ قائم ہو گیا ہے۔x

J&K AIIMs Experts

جموں و کشمیر میں، AIIMs دلّی کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ایم سری نِواس کی قیادت میں 6 ارکان پر مشتمل ماہرین کی ایک ٹیم نے کل راجوری ضلعے کے Badhaal گاؤں کا دورہ کیا، جہاں پُر اسرار بیماری کے سبب 17 افراد کی موت ہو گئی ہے۔ ماہرین کی ٹیم میں Toxicology کے ماہرین بھی شامل ہیں۔ ماہرین کی ٹیم نے 3 سے 4 گاؤں کے متاثرہ

کنبوں کے گھروں کی باؤلی سے پانی اور دیگر غذائی اشیاء کے نمونوں کو اکٹھا کیا۔

آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ماہرین کی ٹیم نے کل Badhaal گاؤں کا دورہ کیا اور گاؤں میں متاثرہ کنبوں کے بند گھروں سے پانی اور غذائی اشیاء کے نمونوں کو اکٹھا کیا۔ اِن نمونوں کی جانچ کی جائے گی اور اموات کی وجوہات کا پتہ لگایا جائے گا۔ ×

Australia Flood

آسٹریلیا میں، شمالی Queensland میں، پچھلی چھ دہائیوں کا شدید ترین سیلاب آیا ہوا ہے، کیونکہ یہاں جمعے کے روز سے، ایک ہزار ملی میٹر بارش ہو رہی ہے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ صورتحال خطرناک ہے۔

میڈیا کی خبروں کے مطابق ایک خاتون Ingham علاقے میں، زندگی بچانے والی کشتی کے الٹ جانے کے حادثے میں ہلاک ہوگئی، جبکہ ہزاروں لوگوں کو اپنے گھروں سے منتقل ہونا پڑا ہے۔

Townville علاقے میں 1700 گھر پانی سے گھرے ہوئے ہیں اور لوگ بجلی کی سہولت سے محروم ہیں۔ سڑکیں بند ہوجانے کے سبب، بچاؤ کوششوں میں رکاوٹ آرہی ہے اور ٹاؤن وِلے ہوائی اڈہ بند ہوجانے کے سبب سپلائی میں کمی آگئی ہے، نیز سپر بازاروں میں تازہ خردنی اشیا کی کمی ہوگئی ہے۔

مقامی لوگوں کو مگرمچھوں سے بھی خبردار کیا گیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ایسی قدرتی آفات، آب و ہوا کی تبدیلی کی وجہ سے رونما ہو رہی ہیں۔ x

New Mahakumbh Amrit Snan

اور اب کچھ خبریں مہا کمبھ سے

Montage Opening

اترپردیش کے پریاگ راج میں بسنت پنچمی کے موقع پر مہا کمبھ کا تیسرا امرت اسنان جاری ہے۔ امرت اسنان مہا کمبھ میلے کی سب سے زیادہ اہم اور مقدس رسم ہے۔ پہلا امرت اسنان 14 جنوری کو مکرسنکرانتی کے موقع پر، جبکہ دوسرا امرت اسنان مونی اماوسیہ کے موقع پر کیا گیا تھا۔

اس موقع پر اترپردیش سرکار نے، سکیورٹی کا پختہ بندوبست کیا ہے۔ مہا کمبھ میلے کے علاقے میں گاڑیوں کے داخلے کو ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ اس علاقے میں VIP کے داخلے کو بھی ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ دنیا کے سب سے بڑے مذہبی اجتماع کی حیثیت سے شناخت شدہ مہا کمبھ میلہ 13 جنوری کو شروع ہوا تھا۔

مہا کمبھ میں اب تک 35 کروڑ سے زیادہ عقیدتمند پوَتر ڈبکی لگا چکے ہیں۔

اب ہم پریاگ راج میں تریوینی سنگم پر موجود اپنے  نامہ نگار امن یادو کے پاس چلتے ہیں اور اُن سے وہاں کے  نظارے کے بارے میں جانکاری حاصل کرتے ہیں۔

سوال 1- جی امن، بست پنچمی کے موقع پر امرت اسنان کے لیے آپ لوگوں میں کیسا جوش و خروش دیکھ رہے ہیں؟

Live Aman Deependra

سوال 2-        خوش اسلوبی سے امرت اسنان کرانے کے لیے سکیورٹی کے کیسے انتظامات کیے گئے ہیں؟

Live Deependra

دیپیندر سے تازہ ترین جانکاری کے لیے، آپ کا شکریہ

Montage - Closing

MEA Congo

Congo کے Kinshasa میں واقع بھارتی سفارتخانے نے Bukavu میں رہنے والے سبھی بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ فوری طور پر محفوظ مقامات پر چلے جائیں۔ اس طرح کی خبریں ہیں کہ M-23 باغی، Bukavu سے محض 20 سے25 کلو میٹر دور ہیں۔

سفارتخانے نے کہا ہے کہ ہوائی اڈے، سرحدیں اور تجارتی راستے ابھی کھلے ہوئے ہیں۔ سفارتخانے کی طرف سے جاری ہدایت میں سختی سے خبردار کیا گیا ہے کہ Bukavu کا سفر نہ کیا جائے۔ سفارتخانے نے سبھی سے کہا ہے کہ وہ اپنی حفاظت کے لیے کوئی ہنگامی منصوبہ تیار کریں۔

Kinshasa میں بھارتی سفارتخانہ، مشرقی Congo میں سلامتی کی صورتحال پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے ہے۔

کسی بھی طرح کی ہنگامی صورتحال یا معلومات کیلئے بھارتی سفارتخانے نے یہ ہیلپ لائن نمبر جاری کیا ہے:

پلس دو چار تین آٹھ نو صفر صفر دو چار  تین ایک تین

Japan Satellite

جاپان کی خلائی ایجنسی نے کہا ہے کہ اُس نے اپنے نئے H3 راکٹ کے ذریعے، سمت اور جائے وقوعہ تلاش کرنے والے سیارچے کو کامیابی کے ساتھ خلا میں بھیجا ہے۔ جاپان کی طرف سے اِس سیارچے کو بھیجنے کا مقصد، جائے وقوعہ کا، مزید باریکی کے ساتھ پتہ لگانا ہے۔ امید ہے کہ یہ سیارچہ تقریباً دو ہفتے میں اپنے مدار میں پہنچ جائے گا۔x

Chess-Tata Steel

شطرنج میں، نیدرلینڈس کے Wijk aan Zee میں کل رات بھارت کے گرینڈ ماسٹر RPragganandhaa نے موجودہ عالمی چیمپئن ڈی گوکیش کو بیحد دلچسپ ٹائی بریکر مقابلے میں ہرا کر ٹاٹا اسٹیل ماسٹرز 2025 کا باوقار خطاب جیت لیا ہے۔ اس جیت کے ساتھ R Pragganandhaa وِشواناتھن آنند کے بعد اس باوقار خطاب کو جیتنے والے پہلے بھارتی شطرنج کھلاڑی بن گئے ہیں۔ وِشواناتھن آنند نے سال 2006 میں یہ خطاب حاصل کیا تھا۔x

Men's T20 Cricket

مردوں کے T20 کرکٹ میں، کل رات ممبئی کے وانکھڑے اسٹیڈیم میں، 5 میچوں کی سیریز کے پانچویں اور آخری میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو 150 رن کے بڑے فرق سے ہرایا۔ اس طرح بھارت نے، یہ سیریز 4-1 سے جیت لی ہے۔ جیت کے لیے 248 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے انگلینڈ کی پوری ٹیم محض 10 اوورس 3 گیندوں میں 97 رن بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ سلامی بلّے باز فلِپ سالٹ نے سب سے زیادہ 55 رن بنائے۔ جیکب Bethal نے 10 رن بنائے۔ بھارت کی طرف سے محمد شامی نے 3 وکٹ، جبکہ ورون چکرورتی، شیوم دوبے اور ابھیشیک شرما نے دو-دو وکٹ حاصل کیے۔ روی بِشنوئی نے بھی ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ اس سے پہلے انگلینڈ نے ٹاس جیتا اور بھارت سے پہلے بلّے بازی کرنے کے لیے کہا۔

بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ پر 247 رن بنائے۔ ابھیشیک شرما نے 54 گیندوں میں شاندار 135 رن بنائے۔ انہوں نے بھارت کی طرف سے T20 اننگز میں سب سے زیادہ 13 چھکوں کا بھی ریکارڈ قائم کیا۔ ابھیشیک شرما کو میچ کا بہترین کھلاڑی جبکہ ورون چکرورتی کو سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔×

Table Tennis Singapore Smash

ٹیبل ٹینس میں 2025 ، WTT سنگاپور Smash میں بھارت کی مہم جاری ہے۔ آج خواتین سنگلز کے راؤنڈ آف 64 کے کئی اہم میچز کھیلے جائیں گے۔ بھارت کی Sreja Akula کا مقابلہ چین کی کھلاڑی He Zhoujia سے ہوگا، جبکہ منیکا بترا کا سامنا رومانیہ کی کھلاڑی Elizabeta Samara سے ہوگا۔

Yashaswini Ghorpade کا مقابلہ جاپان کی کھلاڑی Miwa Harimoto سے ہوگا۔

مردوں کے مقابلے میں، بھارت نے کل اچھے کھیل کا مظاہرہ نہیں کیا۔ Achanta Sharath Kamal اور Manav Thakkar ابتدائی راؤنڈ میں باہر ہو گئے۔ ×

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ”کینسر سے متعلق بیداری: اس کی روکتھام، جلد تشخیص اورعلاج کے تئیں تحریک دینے والا قدم“ کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، کینسرکے علاج کے ماہر ڈاکٹر Dodul منڈل کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔
x

## IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے، آج بہار، اُڈیشہ، آسام، میگھالیہ، پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ کے علاقوں میں صبح اور رات کے اوقات میں گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج راجستھان کے دوردراز علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اگلے دو روز کے دوران مغربی ہمالیائی خطّے میں بڑے پیمانے پر ہلکی سے اوسط بارش یا برفباری کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے مزید کہا کہ اگلے دو روز کے دوران ملک کی شمال مغربی میدانی علاقوں میں ہلکی بارش  ہو سکتی ہے۔

IMD  نے کہا کہ اگلے دو تین دن کے دوران ملک کے زیادہ تر علاقوں میں کم سے کم درجہئ حرارت میں کوئی واضح تبدیلی آنے کا امکان نہیں ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......توحید

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے انڈونیشیا کی راجدھانی جکارتہ میں منعقدہ ایک پروگرام میں ورچوئل طریقے سے وزیراعظم نریندر مودی کے شامل ہونے کی خبر کو نمایاں کیاہے۔ اخبار نے وزیراعظم کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ بھارت اور انڈونیشیا کے درمیان وراثت، سائنس اور اعتماد کا رشتہ ہے۔

روزنامہ انقلاب اور پرتاپ نے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ بھارت مالیاتی استحکام کی راہ پر گامزن ہے اور قرض میں کمی کے ہدف کی طرف بڑھ رہا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے مال سال 2025-26 کے دوران خواتین کی فلاح و بہبود  کے لیے 4 اعشاریہ چار نو لاکھ کروڑ روپے مختص کیے جانے کی خبر کو پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ مذکورہ رقم پچھلے سال کے مقابلے 37 اعشاریہ دو پانچ فیصد زیادہ ہے۔

خواتین کی انڈر 19 ٹیم کے مسلسل دوسری مرتبہ T20 عالمی کپ جیتنے کی خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا سمیت سبھی اخباروں نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل اپنے تمام یرغمالوں کو وطن واپس لانے کیلئے پُر عزم ہے، اس خبر کو بھی ہندوستان ایکسپریس اور راشٹریہ سہارا نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- دلی اسمبلی انتخابات کے لیے چناؤ مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ سیاسی رہنما، ووٹروں کو راغب کرنے کی آخری کوششوں میں سرگرم ہیں۔

2- وقف بل سے متعلق JPC کی رپورٹ آج لوک سبھا میں پیش کی جائے گی۔

3- پریاگ راج میں، بسنت پنچمی کے موقع پر مہاکمبھ کا تیسرا امرت سنان جاری ہے۔

4- نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ ملک، لاکھوں غیر قانونی تارکینِ وطن کو برداشت نہیں کرسکتا۔ انھوں نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک مخالف بیانیوں کا خاتمہ کریں۔

5- شطرنج میں بھارتی گرینڈ ماسٹر آر پرگنانندا نے، نیدر لینڈس کے Wijk aan Zee علاقے میں باوقار ٹاٹا اسٹیل ماسٹرس 2025 کا خطاب جیتا ہے۔

6- اور

مردوں کے ٹی ٹوئینٹی کرکٹ میں، ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں، سیریز کے پانچویں اور آخری میچ میں بھارت نے انگلینڈ کو ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------